دوسری اشاعت

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

نیویارک شہر محکمہ
تعلیم(DOE)
رہنمائی برائے

# ابتدائی مداخلت
سے
# پری اسکول
# منتقلی







# Languages Other Than English: For Families

| |
|---|
| If this is your native language, this guide is available in your language. To request a copy, please ask the staff member who is assisting you, or by searching online on the website below. |
| إذا كانت هذه هي لغتك الأم، فهذا الدليل متاح بلغتك. لطلب نسخة، يرجى سؤال الموظف الذي يساعدك، أو من خلال البحث عبر الإنترنت على الموقع أدناه. |
| এটি যদি আপনার দেশীয় ভাষা হয়, এই গাইডটি আপনার ভাষায় পাওয়া যায়। একটি কপি অনুরোধ করতে, অনুগ্রহ করে আপনাকে সহায়তা করছেন যে স্টাফ সদস্য তাঁকে জিজ্ঞাসা করুন, অথবা নিচের ওয়েবসাইটে অনলাইনে খুঁজুন। |
| 如果這是您的母語，這份指南有您母語的譯本。如需索取一份指南，請找正在協助您的職員，或上網到以下網站搜索這本指南的網上版。 |
| S’il s’agit de votre langue maternelle, ce guide est disponible dans votre langue. Pour obtenir un exemplaire, veuillez faire une demande auprès du membre du personnel qui vous aide ou en faisant une recherche en ligne sur le site Internet indiqué ci-dessous. |
| Si lang sa a se lang natifnatal ou, gid sa a disponib nan lang ou pale a. Pou jwenn yon kopi, tanpri mande manm estaf k ap ede w la, oswa al chèche sou entènèt nan sitwèb ki pi ba a. |
| 이것이 귀하의 모국어라면, 본 안내서가 사용하시는 언어로 준비되어 있습니다. 사본을 요청하시려면 여러분을 돕고 있는 직원에게 문의하시거나, 아래 웹사이트에서 온라인으로 찾아보십시오. |
| Это руководство переведено на русский язык. За переводом обращайтесь к сотруднику Департамента или на указанный ниже веб-сайт. |
| La guía está disponible en español. Pida un ejemplar en español al miembro del personal que lo está ayudando o consulte la página web más abajo. |
| اگر یہ آپ کی آبائی زبان ہے تو، یہ رہنمائی آپ کی زبان میں دستیاب ہے۔ ایک نقل (کاپی) کی درخواست کرنے کے لیے براہ کرم عملے کے اس رکن سے پوچھیں جو آپ کی مدد کر رہا ہے یا ذیل ویب سائٹ پر تلاش کریں۔ |

**https://www.schools.nyc.gov/special-education/preschool-to-age-21/moving-to-preschool**

## انگریزی کے علاوہ دوسری زبانیں: پیشہ وران کے لیے

رہنمائی کتابچہ عربی، بنگالی، چینی، فرانسسی، ہیشئن کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی اور اردو میں دستیاب ہے اور **https://www.schools.nyc.gov/special-education/preschool-to-age-21/moving-to-preschool** پر پایا جاسکتا ہے۔

# خوش آمدید!

عزیزی اہلِ خانہ،

نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) اور محکمۂ صحت اور ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) دونوں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں کہ معذوری کے حامل ہمارے کم عمر متعلمین کو ان خدمات تک رسائی حاصل ہو جن کی انہیں ضرورت ہے، خصوصاً منتقلی کے مراحل کے دوران (ایک نظام میں فراہم کی جانے والی خدمات سے دوسرے نظام میں فراہم کی جانے والی خدمات میں جانا)۔ ہماری ایجنسیاں ابتدائی مداخلت (EI) کے پروگرام سے پری اسکول میں منتقلی کو بہتر بنانے کے لیے شراکت کر رہی ہیں اور آپ کو اپنے بچے کے لیے پری اسکول کے انتخابات کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرنے کے مقصد سے اس رہنمائی کو تشکیل دینے کے لیے مل کر کام کیا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں یہ معلومات آپکو اپنے بچے کے لیے فیصلے کرنے میں مدد دے گا۔

ہمیں اندازہ ہے کہ معذوری کے حامل بچوں کے اہل خانہ کو منتقلی میں کتنی مشکلات آتی ہیں۔ اس کے علاوہ، EI سے پری اسکول میں منتقلی ایک اہم وقت ہوتا ہے جب اہل خانہ کو واضح معلومات اور معاونت کی ضرورت ہوتی ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں، نشو و نما میں تاخیر اور معذوری کے حامل 0 تا 3 سال عمر کے بچوں کو EI پروگرام کے ذریعے محکمہ صحت کی فراہم کردہ خدمات تک رسائی حاصل ہے۔ جن خاندانوں کے بچوں کی عمر 3 سے 5 سال کے درمیان ہوتی ہے ان کے پاس بچوں کے 3 سال کی عمر تک پہنچنے پر حوالہ پیش کر کے DOE کی کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE) میں شامل ہونے کا انتخاب ہوتا ہے۔ اہل خانہ ابتدائی طفلی پروگرام مثلاً 3-K فار آل اور ارلی لرن NYC میں بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

ہم آپ سے اس رہنما کتابچے میں دی گئی معلومات سے مانوس ہونے اور اسے اپنے بچے کے EI پروگرام خدمات کے رابطہ کار، خدمات فراہم کنندگان اور اساتذہ کے ساتھ اس پر بات کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ اپنے بچے کی کامیابی اور نشو ونما میں آپ کی مسلسل عہد بستگی کے لیے آپ کا شکریہ۔

بخلوص،

Dr. Daniel Stephens
ڈپٹی کمشنر آف فیملی اینڈ چائلڈ ہیلتھ
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم

Linda Chen
چیف اکیڈمک آفیسر NYC DOE

Josh Wallack
ڈپٹی چانسلر،
ابتدائی طفلی تعلیم اور طالبانہ اندراج،
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (NYC DOE)

# فہرستِ مشمولات


**I. اوائل بچپن کی دیکھ بھال اور تعلیمی انتخابات ........ صفحہ 7**

بچوں اور نوزائیدہ بچوں کے لیے DOE کے انتخابات ........ صفحہ 7
3 اور 4 سال کی عمر کے بچوں کے لیے ابتدائی طفلی نگہداشت اور تعلیم کے انتخابات ........ صفحہ 7
معذوری کے حامل بچوں کے لیے 3-K اور پری کنڈر گارٹن کے لیے درخواست دینے کے لیے گوشوارہ وقت ........ صفحہ 9

**II. ابتدائی مداخلت سے پری اسکول کی خاص تعلیم تک منتقلی ........ صفحہ 10**

منتقلی کا اجلاس ........ صفحہ 10
پری اسکول خاص تعلیم طریق کار ........ صفحہ 11
اطلاع نامے ........ صفحہ 11
حوالے ........ صفحہ 11
تشخیص ........ صفحہ 12
کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم کا اجلاس ........ صفحہ 13
پروگرام اور خدمات ........ صفحہ 14
امدادی ٹکنالوجی ........ صفحہ 15
باضابطہ کاروائی ........ صفحہ 17
3-K فار آل اور پری کے فار آل معاونت دستیاب ہے ........ صفحہ 18

**III. ابتدائی مداخلت اور پری اسکول کی خصوصی تعلیم کے مابین مماثلت اور فرق ........ صفحہ 19**

**IV. کم پابندی والا ماحول (LRE) اور شمولیت ........ صفحہ 21**

کم سے کم پابندی والا ماحول ........ صفحہ 21
مشمولیت کے فوائد ........ صفحہ 22

**V. اضافی معلومات اور وسائل ........ صفحہ 23**

3-K فار آل اور پری کے فار آل درخواست دینے کے وسائل ........ صفحہ 23
DOE رابطے برائے پری اسکول خاص تعلیم معاونت ........ صفحہ 23
CPSE علاقائی، چیئر پرسن اور کمیونٹی رابطہ کار کی رابطہ معلومات ........ صفحہ 24
اسکول کا دفتر برائے صحت ........ صفحہ 26
بیرونی وسائل ........ صفحہ 27

**VI. کلیدی شرائط ........ صفحہ 28**

# محکمئہ تعلیم (DOE) رہنما
# کتابچہ برائے ابتدائی مداخلت
# -تا- پری اسکول منتقلی

نوزائیدہ، نونہال اور ابتدائی طفلی عمر کے سال بے پناہ نشونما اور فروغ کے اوقات ہوتے ہیں۔ اس دوران، کئی بچوں کو تعلیم دینے اور پھلنے اور بھولنے میں مدد کے ذریعے یہ اضافی مدد سے مستفید ہوتے ہیں۔ نیویارک شہر میں، تین سال سے کم عمر نشونما میں تاخیر اور معذوری کے حامل بچے یہ خدمات محکمئہ صحت و ذہنی حفظان صحت (DOHMH) کے ذریعے چلائے جانے والی ابتدائی مداخلت (EI) میں حاصل کر سکتے ہیں۔ تین سال یا اس سے بڑی عمر کے بچوں کے لیے جنہیں تعلیمی معذوری ہے، جو ایک تاخیری یا ایسی معذوری ہو جو سیکھنے پر اثرانداز ہوتی ہو، نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے پاس خاص تعلیم کے کئی پروگرام اور خدمات موجود ہیں۔

EI سے خارج ہوتے ہوئے، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے بچے کو ابتدائی مداخلت EI کے بعد خدمات کی ضرورت ہو سکتی ہے، تو آپ اپنے بچے کو محکمئہ تعلیم DOE کی کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE) کا حوالہ دے سکتے ہیں ۔ اس سے قطع نظر کہ آپ کے بچے کو خدمات کی ضرورت ہے یا نہیں، تین سال کی عمر کے تمام بچوں کو مفت یا کم لاگت 3-K فار آل پروگراموں میں درخواست دینے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ 3-K فار آل جیسی ابتدائی طفلی ترتیب میں پری اسکول خاص تعلیم خدمات حاصل کرسکتے ہیں۔

یہ رہنما کتابچہ آپ کو اپنے EI سے پری اسکول میں منتقلی کی تیاری کے دوران انتخابات کو سمجھنے میں مدد دینے کے لیے معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس میں DOE کے بارے میں ابتدائی طفلی تعلیمی پروگرام اور پری اسکول خاص تعلیم میں منتقلی کے طریق کار کی معلومات شامل ہیں۔



# I. ابتدائی طفلی نگہداشت و تعلیمی انتخابات

## شیرخوار اور نونہال بچوں کے لیے DOE کے انتخاب

اگر آپ کا بچہ تین سال سے چھوٹا ہے اور آپ ابتدائی نگہداشت اور تعلیمی انتخابات میں دلچسپی رکھتے ہیں تو، DOE کے پاس پیدائش سے لے کر دو سال کی عمر کے بچوں کے لیے پروگرام کے انتخابات بھی موجود ہیں۔ اگرچہ آپ کا بچہ ابتدائی مداخلت (EI) پروگرام میں ہے جس کی عمر پیدائش سے لے کر دو سال کے درمیان ہے، لیکن EI کی خدمات DOE کے ارلی لرن پروگرا م میں فراہم کی جاسکتی ہیں۔ نیویارک شہر اہل خاندانوں کے لیے متعدد مفت یا کم قیمت پر ارلی لرن پروگرامز فراہم کرتا ہے۔ یہ پروگرامز، پیدائش سے دو سال تک کے بچوں کے لیے، سال بھر دس گھنٹے فی دن تک ابتدائی نگہداشت اور تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ اہلیت کی بنیاد آپ کے خاندان کی آمدنی، اور ضروریات پر ہوتی ہے۔ اگر آپ اہل قرار پاتے ہیں اور ایک نشست دستیاب ہے، آپ کا بچہ سال کے دوران کسی بھی وقت پروگرام شروع کرسکتا ہے۔ ان انتخابات میں ذیل شامل ہیں:

- شیرخوار/ نونہال بچوں کے توسیعی دن/سال کے پروگرامز؛
- ابتدائی ہیڈ اسٹارٹ پروگرام؛ اور
- بچوں کی خدمات کی انتظامیہ (ACS) واؤچر کے انتخابات۔

ان انتخابات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، www.schools.nyc.gov/enrolment/enrol-grade-by-grade/earlylearn-nyc پر DOE کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

***نوٹ:** **اگر اہل خانہ خدمات کی ضرورت کا مظاہرہ کرتے ہیں تو، DOE ہیڈ اسٹارٹ اور ارلی ہیڈ اسٹارٹ پروگراموں خاندانوں کی چھوٹی تعداد کو داخلہ دےسکتے ہیں جو آمدنی کے لحاظ سے اہل نہیں ہیں۔ اس میں معذوری کے حامل بچوں کے خاندان شامل ہیں جو ہیڈ اسٹارٹ یا ارلی ہیڈ اسٹارٹ ترتیبسے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔**

## ابتدائی طفلی نگہداشت اور 3 اور 4 سال کی عمر کے بچوں کے لیے تعلیم کے انتخابات

تین سے چار سال کے بچوں کے نشونما میں تاخیر اور معذوری کے حامل یا اسکے بغیر دونوں قسم کے اہل خانہ کو DOE، کے کئی ابتدائی طفلی نگہداشت اور تعلیمی انتخابات کی پیشکش کرتا ہے۔

آپ کے بچے کے لیے ان میں سے کسی ایک پروگرام میں شریک ہونے کے لیے، آپ کو 3-K یا پری کے فار آل کے ذریعے درخواست دینے کی ضرورت ہو گی، یا اگر اہل ہوں، براہ راست ہیڈ اسٹارٹ کے ساتھ توسیعی دن پروگرام/ سال کے خدمات فراہم کنندہ کے پاس درخواست دینی ہو گی۔ کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE) ابتدائی طفلی عام تعلیم کے پروگراموں، جیسے 3-K یا پری کنڈر گارٹن میں نشست کا بندوبست نہیں کرتی ہے۔ اگر آپ CPSE کی تشخیص کے لیے ایک حوالہ پیش کرتے ہیں یا پیش کرنے کا **ارادہ** رکھتے ہیں، اور 3-K یا پری کنڈر گارٹن میں درخواست دیتے ہیں اور ایک نشست حاصل کرتے ہیں تو، CPSE آپ کے بچے کے لیے 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں ضروریات کے لیے مناسب خاص تعلیم خدمات کا بندوبست کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گا۔ آپ کبھی بھی اس بات پر بات چیت کرنے کے لیے CPSE سے رابطہ کر سکتے ہیں کہ 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں جہاں آپ کو نشست ملتی ہے وہاں کس طرح خاص تعلیم پروگراموں اور خدمات کا اہتمام کیا جاسکتا ہے۔

**معذوری کے حامل بچوں سمیت، تمام بچوں کے اہل خانہ کو، 3-K اور پری کے فار آل میں درخواست دینے کی ترغیب دی جاتی ہے۔** پری اسکول خاص تعلیم پروگرام اور خدمات کے لیے CPSE کو دیے جانے والے حوالے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے صفحہ ابتدائی مداخلت سے پری اسکول خاص تعلیم میں منتقلیکے صفحہ 10 کے سیکشن II پر جائیں۔

## 3-K فار آل

نیویارک شہر میں تین سالہ بچوں کے لیے 3-K فار آل پروگرام **مفت** ،پورے دن کی، اعلٰی معیار کی تعلیم کی پیشکش کرتا ہے۔ **بعض** اسکول ضلع میں، 3-K کے پروگرامز تمام خاندانوں کے لیے دستیاب ہیں ( ان اضلاع کی فہرست کے لیے جو تمام خاندانوں کے لیے 3-K پیش کرتے ہیں ذیل ملاحظہ کریں www.schools.nyc.gov/enrollment/enroll-grade-by-grade/3k **تمام** اسکول اضلاع میں، 3-K پروگرامز ان خاندانوں کے لیے دستیاب ہیں جو اپنی آمدنی اور ضروریات کی بنیاد پر اہل قرار پاتے ہیں۔* یہ پروگرامز، بشمول ہیڈ اسٹارٹ، مفت یا کم لاگت کے ہیں اور دن میں 10 گھنٹے تک پورے سال نگہداشت پیش کرتے ہیں، اگر آپ اہل کرتے ہیں اور ایک نشست دستیاب ہے تو، آپ کسی بھی وقت اپنے بچے کا اندراج کروا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں www.nyc.gov/3k۔

***نوٹ: اگر اہل خانہ خدمات کی ضرورت کا مظاہرہ کرتے ہیں تو، DOE ہیڈ اسٹارٹ اور ارلی ہیڈ اسٹارٹ پروگراموں خاندانوں کی چھوٹی تعداد کو داخلہ دے سکتے ہیں جو آمدنی کے لحاظ سے اہل نہیں ہیں۔ اس میں معذوری کے حامل بچوں کے خاندان شامل ہیں جو ہیڈ اسٹارٹ یا ارلی ہیڈ اسٹارٹ ترتیب سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔**

## پری کے فار آل

نیویارک شہر میں چار سالہ بچوں کے لیے پری کنڈر گارٹن فار آل پروگرام **مفت** پورے دن کے، اعلٰی معیار کی تعلیم کی پیشکش کرتا ہے۔ کچھ پری کنڈر گارٹن پروگرام، بشمول ہیڈ اسٹارٹ، ان خاندانوں کے لیے دستیاب ہیں جو آمدنی اور ضروریات کی بنیاد پر اہل ہیں۔* یہ پروگرام مفت یا کم لاگت کے ہیں اور پورا سال، دن میں 10 گھنٹے تک کی دیکھ بھال کی پیش کش کرتے ہیں، اگر آپ اہل ہیں اور نشست دستیاب ہے تو، آپ کسی بھی وقت اپنے بچے کا اندراج کرا سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے www.nyc.gov/prek پر جائیں۔

**3-K اور پری کے فار آل کی پیشکش ذیل ترتیبوں میں کی جاتی ہے:**

- ضلع اسکول۔ کچھ پبلک ایلیمینٹری اسکول، 3-K اور پری کے پروگراموں کی پیشکش کرتے ہیں۔اسکول کے پرنسپل ان پروگراموں کی نگرانی کرتے ہیں۔
- **پری کنڈر گارٹن مراکز۔** پری کنڈر گارٹن مراکز محکمۂ تعلیم کا عملہ چلاتا ہے اور یہ صرف کنڈرگارٹن سے قبل گریڈ کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔
- نیو یارک شہر کے ابتدائی تعلیم مراکز *(NYCEECs)*۔ کچھ برادری پر مبنی تنظیمیں 3-K اور پری کنڈر گارٹن فراہم کرتی ہیں اور انہیں محکمۂ تعلیم کی طرف سے معاونت ملتی ہے۔
- گھر پر مبنی پروگرامز۔ گھر پر مبنی کچھ پروگرام 3-K فراہم کرتے ہیں اور انہیں محکمۂ تعلیم کی طرف سے معاونت ملتی ہے۔

- دستیاب عام تعلیم پروگراموں کی مزید معلومات کے لیے اور رابطہ معلومات جاننے کے لیے، ذیل پر جائیںwww.MySchools.nyc.
- آپ محکمۂ تعلیم کی رابطہ ٹیم کو **212-637-8000** پر فون کر کے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کے سوالات ہیں یا آپ کو ابتدائی مداخلت سے پری اسکول میں منتقلی کے دوران مدد کی ضرورت ہے، تو آپ ذیل پر رابطہ کر سکتے ہیں eitopreschool@schools.nyc.gov۔
- عام اندراج کی معاونت کے لیے، آپ خاندانی استقبالیہ مرکز میں تشریف لا سکتے ہیں (مقامات ذیل پر دستیاب ہیں: .(www.schools.nyc.gov/enrollment/enrollment-help/family-welcome-centers

## معذوری کے حامل بچوں کے لیے 3-K اور پری کنڈر گارٹن میں درخواست دینے کا گوشوارہ وقت

بچے اپنی انفرادی ضروریات کے لیے مناسب کم سے کم پابندی والے ماحول (LRE) میں سیکھنے سے کافی فائدہ اٹھاتے ہیں۔ LRE کا مطلب ہے ایسی ترتیبات میں سیکھنا ہے جہاں معذوری کے حامل طلبا کو ممکنہ حد تک بغیر معذوری والے طلبا کے ساتھ تعلیم دی جاتی ہے۔ اس کا اکثر مطلب ہوتا ہے خاص تعلیم پروگراموں یا اس سے متعلقہ خدمات والے 3-K یا پری کے فار آل کلاس میں سیکھنا۔

**آپ 3-K یا پری کنڈرگارٹن میں درخواست دے سکتے ہیں:**

- چاہے آپ CPSE کو کوئی حوالہ پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں یا نہیں؛
- اگر آپ پہلے ہی DOE کو ایک حوالہ بھیج چکے ہیں؛
- اگر آپ CPSE کے عمل میں ہیں، بشمول اگر آپ تشخیصات کی تکمیل کے منتظر ہیں یا آپ کی IEP اجلاس کا شیڈول ہونے کا انتظار کر رہے ہیں؛ یا
- اگر آپ کے بچے کے پاس پہلے سے ہی ایک IEP ہے، بشمول اگر ان کے پاس کوئی ایسا IEP ہے جو مربوط ماحول میں خاص کلاس (SCIS) یا خاص کلاس کی تجویز کرتا ہے (ان پروگراموں کی اقسام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے صفحہ 21 پر سیکشن IV ملاحظہ کریں)۔

نوٹ کریں کہ 3-K اور پری کنڈر گارٹن کے لئے درخواستیں سالانہ کھلی درخواست کے عمل کے دوران قبول کی جاتی ہیں جو موسم بہار میں ہوتا ہے (www.schools.nyc.gov/enrollment/enroll-grade-by-grade)، لیکن درخواست بند ہونے کے بعد آپ 3-K اور پری کنڈر گارٹن کے لیے منتظرین کی فہرست میں شامل ہونے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ اگلے حصے میں CPSE کے طریق کار کو تفصیل میں بیان کیا گیا ہے، یہ پورا سال ہوتا ہے، اور اس بات کے قطع نظر کہ آپ CPSE کی کاروائی کے کس مرحلے میں ہیں، آپ کی 3-K اور پری کنڈر گارٹن کے لیے درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

ہم آپ کی اپنے IEP اجلاس یا خاص تعلیم خدمات کا بندوبست ہونے کا انتظار کرنے کے دوران 3-K
یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں اپنے بچے کے لیے درخواست دینے اور اندراج کروانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ براہ کرم متوجہ ہوں:

- اگر آپ درخواست دیتے ہیں، ایک نشست موصول کرتے ہیں اور 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں شرکت کا انتخاب کرتے ہیں، **اور** آپ کے پاس ایک IEP ہے، تو CPSE آپ کے IEP میں ایسے مناسب پروگراموں اور خدمات کی تجویز کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گی جو آپ کے منتخب کردہ پروگرام میں آپ کے بچے کی معاونت کر سکیں۔ آپ کبھی بھی اس بات پر بات چیت کرنے کے لیے CPSE سے رابطہ کر سکتے ہیں کہ 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں جہاں آپ کو نشست ملتی ہے وہاں کس طرح خاص تعلیم پروگراموں اور خدمات کا اہتمام کیا جاسکتا ہے۔
- اگر آپ درخواست دیتے ہیں اور ایک مختلف خاص تعلیم پروگرام میں شرکت کے دوران 3-K یا پری کنڈر گارٹن نشست حاصل کرتے ہیں اور آپ 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں منتقل ہونا چاہتے ہیں تو، CPSE آپ کے IEP میں ایسے مناسب پروگراموں اور خدمات کی تجویز کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گی جو آپ کے منتخب کردہ پروگرام میں آپ کے بچے کی معاونت کرسکتے ہیں۔ کسی بھی موقع پر، آپ یا پروگرام کا عملہ CPSE سے ملاقات کرنے کی درخواست کرسکتا ہے تاکہ اس پر بات چیت کی جاسکے کہ آیا آپ کے بچے کو پروگرام میں فراہم کردہ معاونت سے زیادہ مدد کی ضرورت ہے۔

کم سے کم پابندی والے ماحول اور مشمولیت کے فوائد کے بارے میں مزید معلومات کے لیے صفحہ 21 پر سیکشن IV دیکھیں۔

# II. ابتدائی مداخلت سے پری اسکول خاص تعلیم میں منتقلی

جب آپ کا بچہ ابتدائی مداخلت (EI) سے نکل رہا ہوتا ہے ، ایک ہموار منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے مندرجہ ذیل معلومات کو جاننا اہم ہے۔

## منتقلی کا اجلاس

آپ اپنے بچے کی دوسری سالگرہ کے قریب **اہل خانہ خدمات منصوبے (IFSP)** کے وقت اپنے ابتدائی مداخلت (EI) خدمت رابطہ کار سے اپنے بچے کی منتقلی کے بارے میں بات کرنے کا آغاز کر سکتے ہیں۔ اجلاس میں، آپ، آپ کے ابتدائی مداخلت کے سرکاری نامزد کردہ اور آپ کے ابتدائی مداخلت خدمت رابطہ کار آپ کے بچے کے لیے منتقلی کا منصوبہ بنائِیں گے۔ اس کے علاوہ، آپ ایک **منتقلی کانفرنس** کا حق رکھتے ہیں، جس کا انتظام آپ کا ابتدائی مداخلت خدمت رابطہ کار کریگا جو محکمئہ تعلیم (DOE) کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE) کو مدعو کریگا۔ اس اجلاس کا مقصد پری اسکول خاص تعلیم کاروائی کے بارے میں مزید جاننا ہے۔

اگر آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کی پری اسکول خاص تعلیم خدمات کے لیے تشخیص کی جائے، آپ کے لیے آپ کے بچے کی CPSE کے پاس ایک خط جمع کروانا لازمی ہے۔ اس خط کو ایک **"ابتدائی حوالہ** " کہتے ہیں۔ آپ کے ابتدائی مداخلت (EI) کا رابطہ کار خط لکھنے میں آپ کی مدد کرے گا یا آپ CPSE سے حوالہ لکھنے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔





## پری اسکول خاص تعلیم کا طریق کار

ذیل پر پری اسکول خاص تعلیم کے طریق کار کا خلاصہ تفصیل سے دیا گیا ہے NYCDOE اہل خانہ رہنما کتابچہ برائے پری اسکول خاص تعلیم خدمات (ذیل پر دستیاب ہے: www.schools.nyc.gov/special-education/preschool-to-age-21/moving-to-preschool)۔

1 اطلاع
2 حوالہ
3 تشخیص
4 CPSE ملاقات
5 خدمات

**1 اطلاع نامہ** آپ کا ابتدائی مداخلت (EI) خدمت رابطہ کار CPSE کو یہ اطلاع دینے کے لیے آپ سے بات کرے گا کہ آپ کے بچے کو EI چھوڑنے کے باوجود خدمات درکار ہوں گی۔ **CPSE کو اطلاع دینے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ اپنے بچے کو CPSE کا حوالہ دے رہے ہیں۔** اگر آپ CPSE کو اطلاع نہ دینے کا فیصلہ کرتے ہیں، آپ بعد میں بھی اپنے بچے کو CPSE کا حوالہ دینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اطلاع دینے کی اجازت دیتے ہیں، آپ کا ابتدائی مداخلت رابطہ کار **اطلاع برائے ممکنہ اہلیت** کا فارم CPSE کو آپ کے بچے کے حوالے کے لیے اہل ہونے کے 90 سے 120 دنوں کے اندر بھیج دے گا۔ اگر آپ CPSE کو اطلاع دینے کی اجازت نہیں دیتے ہیں، آپ اطلاع نامے پر حصہ نہ لینے کے انتخاب پر نشان لگا سکتے ہیں۔

**2 حوالہ:** اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کا بچہ پری اسکول خاص تعلیمی خدمات کی اہلیت رکھتا ہے، ایک **حوالہ خط** اپنے بچے کے پری اسکول خاص تعلیم خدمات کے اہل ہونے سے 120 دن قبل CPSE کو جمع کرائیں (ذیل میں اہلیت کی معینہ مدت دکھیں)؛ **اور** آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ سے 90 دن سے قبل۔

| تاریخ پیدائش | فوری اہلیت برائے CPSE |
|---|---|
| 1 جنوری اور 30 جون کے درمیان تین سال کا ہو جائے | اُس سال کی 2 جنوری کو جس میں یہ تین سال کا ہو جائے |
| 1 جولائی اور 31 دسمبر کے درمیان تین سال کا ہو جائے | اُس سال کی 1 جولائی کو جس میں یہ تین سال کا ہو جائے |

نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم ایک حساب (کیلکولیٹر) پیش کرتا ہے جہاں آپ اپنے بچے کی جلد از جلد اہلیت کی تاریخ ان کی سالگرہ کی بنیاد پر حاصل کرسکتے ہیں، جسے یہاں لنک کیا گیا ہے: www.p12.nysed.gov/sedcar/ei_to_4410_calculator.html

جب CPSE آپ کے بچے کی پری اسکول تشخیص کر رہی ہو گی آپ کے بچے کا EI خدمت منصوبہ اور تشخیصات بہت مددگار ثابت ہوں‌گی۔ اگر آپ اجازت دیں تو آپ کا EI خدمت رابطہ کار یہ معلومات CPSE کو فراہم کر سکتا ہے۔

اگر آپ اپنے بچے کا حوالہ CPSE کو نہیں بھیجنا چاہتے، یا اگر آپ کے بچے کو CPSE کا اہل نہیں پایا گیا، آپ کے بچے کو اسکی تیسری سالگرہ سے قبل لازماً EI چھوڑ دینا ہو گا۔

**عارضی نگہداشت (فوسٹر کئیر بچوں کے لیے)**، پیدا کرنے والے یا گود لینے والے والدین کی طرف سے حوالہ دیا جانا چاہئیے، ماسوائے اسکے کہ والدین کے حقوق منسوخ، دست بردار یا محدود کر دیے جائیں؛ والدین نے تعلیمی معاملات کے لیے کسی اور کو " والدینی تعلق والا فرد" قرار دیا ہو؛ یا والدین کا محل وقوع معلوم نہ ہو سکے۔ اگر پیدائشی یا گود لینے والے والدین کے محل وقوع معلوم نہ ہوں، محکمئہ تعلیم ایک قائم مقام والدین نامزد کرتا ہے (عموماً عارضی نگہداشت والے والدین) جو بوقت ضرورت بچے کے خاص تعلیم کے بارے میں فیصلے کر سکیں۔ عارضی نگہداشت کی ایجنسی بھی حوالے کی درخواست کر سکتی ہے۔ جب ایک حوالے کی درخواست دے دی جاتی ہے، CPSE درخواست کا جائزہ لے کر حوالے کو منظور یا مسترد کرتا ہے۔

اس بات سے قطع نظر کہ آپ ایک حوالہ پیش کرتے ہیں یا نہیں، یا آپ کے ذریعے حوالہ جمع کروانے کے بعد، آپ کی 3-K فار آل کے لیے درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اگر آپ درخواست دیتے ہیں، نشست حاصل کرتے ہیں، پروگرام میں شامل ہونے کا انتخاب کرتے ہیں، **اور** آپ کو بعد میں ایک IEP موصول ہوتا ہے، CPSE آپ کے IEP میں ایسے مناسب پروگراموں اور خدمات کی تجویز کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گی جو آپ کے منتخب کردہ پروگرام میں آپ کے بچے کی معاونت کرسکتے ہیں۔ آپ کبھی بھی اس بات پر بات چیت کرنے کے لیے CPSE سے رابطہ کر سکتے ہیں کہ 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں جہاں آپ کو نشست ملتی ہے وہاں کس طرح خاص تعلیم پروگراموں اور خدمات کا اہتمام کیا جاسکتا ہے۔

**3** **تشخیص۔** آپ کا حوالہ موصول ہو جانے کے بعد، CPSE آپ کو ڈاک کے ذریعے تشخیص کے مقامات کی فہرست اور دیگر اہم معلومات بھیجے گا۔ آپ کو ان تشخیصی مقامات کی فہرست کا جائزہ لینا چاہئیے اور **جتنی جلد ممکن ہو سکے ایک تشخیص کے لیے وقت ملاقات حاصل کریں**۔ چند بچوں کو دو لسانی تشخیص درکار ہوتی ہے، جو انگریزی اور بچے کی گھریلو یا آبائی زبان میں انجام دی جاتی ہے۔ یہ تعین کرنے میں مدد کے لیے کہ آیا آپکے بچے کو ایک دولسانی تشخیص درکار ہے، تشخیص کی زبان کا تعین کرنے کے لیے آپکے بچے کو ایک گھریلو زبان کا سروے دیا جائے گا۔ اگر آپکو ایک تشخیصی مقام منتخب کرنے میں یا رابطہ کرنے میں مدد چاہیئے، آپ اپنے CPSE سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

ان تشخیصات میں امتحانات شامل ہیں جیسے:

- ایک جامع نفسیاتی تشخیص جو یہ جانچ کرے گی کہ آپکا بچہ کتنا علم رکھتا ہے اور اسکی ادراکی اہلیتیں کیسی ہیں؛
- ایک سماجی روداد انٹرویو، جو آپکے بچے کی نشو ونما اور خاندانی سرگزشت کا پسِ منظر فراہم کرے گا، اکثر اوقات پیدائش سے حال تک؛
- ایک جسمانی تشخیص، جو آپ کے بچے کے ڈاکٹر کے ذریعے مکمل کیا جانے والا صحت سے متعلق معائنے ک فارم ہے۔
- آپکے بچے کی اس کے موجودہ تعلیمی ماحول یا طفلی نگہداشت مقام پر مشاہدہ؛ اور
- جسمانی، ذہنی، طرزِ عمل، اور جذباتی عناصر کو یقینی بنانے کے لیے جو بچے کی مشتبہ معذوری کا سبب ہیں، دیگر معقول حسبِ ضرورت تشخیصات۔

آپ کے CPSE اجلاس سے قبل، تشخیص کا مقام آپ کو اور آپ کی CPSE منتظم کو آپ کے بچے کی تشخیص کی رپورٹس بذریعہ ڈاک بھیجے گی، بشمول ایک پری اسکول کے طالب علمکی تشخیص کی خلاصہ رپورٹ جس کا آپ دونوں CPSE اجلاس سے پہلے جائزہ لے سکتے ہیں۔

**4 CPSE اجلاس۔** تشخیص کے نتائج مکمل ہونے کے بعد CPSE آپ کے ساتھ.ایک ملاقات شیڈول کریگی۔ یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ، CPSE اجلاس میں شرکت کریں تاکہ CPSE کے ساتھ ملکر اپنے بچے کے متعلق فیصلے کریں۔ اس اجلاس میں، ٹیم تشخیص کے نتائج کا جائزہ لے گی آپکے بچے کے بارے میں معلومات کا تبادلہ، معلومات حاصل کرے گی اور تعین کرے گی کہ آیا آپکا بچہ پری اسکول خاص تعلیم خدمات کا اہل ہے۔

اہلیت رکھنے کے لیے لازمی ہےکہ CPSE تعین کرے کہ آپ کا بچہ ایک "**معذوری کا حامل پری اسکول کا طالب علم ہے۔**" یہ فیصلہ ان تشخیصات کی بنیاد ہوتا ہے جو آپ کے بچے کی نشونما میں کافی تاخیر یا ایک تعلیمی معذوری ظاہر کرتی ہیں، ایک ایسی تاخیر یا معذوری جو تعلیم کے حصول پر اثرانداز ہو رہی ہے۔

اگر آپ کا بچہ مندرجہ ذیل میں سے ایک یا زیادہ شعبوں میں خاطر خواہ تاخیر کا مظاہرہ کررہا ہے تو وہ پری اسکول کے خاص تعلیم پروگراموں اور خدمات کے لیے اہل ہوسکتا ہے۔

- ادراکی فروغ (سوچنا اور سیکھنا)؛
- زبان اور ابلاغی فروغ (سمجھنا اور زبان کا استعمال)؛
- مطابقت پذیر فروغ (ذاتی امدادی صلاحیتیں جیسے بیت الخلا کا استعمال، کھانا، اور کپڑے بدلنا)؛
- سماجی-جذباتی فروغ (طرزِ عمل جیسے دوسروں کے ساتھ مِل جل کر رہنا اور احساسات کا اظہار)؛ اور/ یا
- حرکت کرنے میں فروغ (جسمانی نشو ونما، بشمول بصری، سماعتی اور حرکاتی تاخیر یا خرابی)۔

اگر آپ کے بچے کو اہل پایا گیا، CPSE آپ کے ساتھ مل کر ایک **انفرادی تعلیم پروگرام** (**IEP**)تشکیل دیگا۔ IEP ایک تحریری منصوبہ ہے جو آپکے بچے کی صلاحیتوں کو بیان کرتا ہے اور ان خدمات کو خاکہ کش کرتا ہے جو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) آپکے بچے کی تعلیمی ضروریات کی تکمیل کے لیے مفت فراہم کرے گا۔ IEP دستاویز میں بہت سارے حصے شامل ہوتے ہیں، بشمول آپ کے بچے کی کارکردگی کی موجودہ سطح، قابل پیمائش سالانہ اہداف، ان کے تجویز کردہ پری اسکول خاص تعلیم پروگرام اور خدمات اور کوئی بھی سہولتیں اور ترمیمات جس کی انہیں ضرورت ہے۔

IEP آپ کے بچے کے لیے مناسب **کم سے کم پابندی والے ماحول (LRE)** میں پروگراموں اور خدمات کی تجویز کرے گی۔ کم سے کم پابندی کے ماحول میں زیادہ سے زیادہ مناسب انداز میں بغیر IEP کے حامل طلبا کے ہمراہ عام تعلیم حاصل کرتے ہوئے خدمات موصول کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اس کا مطلب 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں خدمات موصول کرنا ہوسکتا ہے۔ اگر آپ نے CPSE اجلاس میں 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام کے لیے درخواست دی ہے اور / یا آپ کو پیش کش موصول ہوئی ہے تو، اپنے CPSE منتظم کو اس بارے میں بتائیں اور CPSE آپ کے ساتھ آپ کے IEP پر آپ کے منتخب کردہ پروگرام میں مناسب پروگراموں اور خدمات کی کرنے کی تجویز کے لیے کام کرے گی جو آپ کے بچے کی مدد کر سکتے ہیں۔

اگر CPSE آپکے بچے کی تیسری سالگرہ سے پہلے ایک اجلاس بلاتا ہے اور آپکے بچے کو خدمات کا اہل پاتا ہے، آپ ذیل میں سے کوئی ایک منتخب کرسکتے ہیں: (a) جیسے ہی آپ کا بچہ پری اسکول خاص تعلیم خدمات کا اہل ہو جائے EI خدمات ختم کرنے لیے اور پری اسکول خاص تعلیم شروع کرنے کے لیے؛ **یا** (b) اپنے بچے کی تاریخ پیدائش کے مطابق آپ کے بچے کی EI خدمات میں توسیع کے لیے۔

| تاریخ پیدائش | توسیع EI خدمات کی آخری تاریخ |
|---|---|
| 1 جنوری اور 31 اگست کے درمیان تین سال کا ہو جائے | جس سال کی 31 اگست کو تین سال کا ہو جائے |
| 1 ستمبر اور 31 دسمبر کے درمیان تین سال کا ہو جائے | جس سال کے 31 دسمبر کو تین سال کا ہو جائے |

**5 خدمات۔** CPSE کا منتظم آپ کے بچے کی IEP کی تجاویز کے مطابق پروگرام، خدمات اور معاونت کا انتظام کرے گا۔
**پری اسکول خاص پروگراموں اور خدمات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے صفحہ 16 ملاحظہ کیجئیے۔**

انفرادی تعلیمی پروگراموں (IEPs) کے حامل پری اسکول طلبا کی اعانت کے لیے پروگراموں اور خدمات کا ایک وسیع انتخاب دستیاب ہے۔ پری اسکول خاص تعلیم خدمات کم سے کم پابندی سے زیادہ پابندی کے سلسلے پر محیط ہوتی ہیں۔

کم سے کم پابندی والے پروگرام بچوں کو بغیر IEPs کے عام تعلیم والے طلبا کے ساتھ خدمات موصول کرنے کا موقع دیتے ہیں۔ زیادہ پابندی والے پروگرام اور خدمات ان بچوں کے لیے دستیاب ہیں جنہیں زیادہ مخصوص معاونتیں اور خدمات درکار ہیں۔

سب سے زیادہ عام پروگرام اور خدمات کی نشاندہی ذیل میں کی گئی ہے۔

| پروگرام اور خدمات | تفصیل |
|---|---|
| **متعلقہ خدمات*** | متعلقہ خدمات میں شامل ہیں جسمانی معالجہ، جسمانی ورزش معالجہ، گویائی معالجہ / لسانی معالجہ اور دیگر خدمات۔ |
| **خاص تعلیم سفری استاد (SEIT)*** | SEIT ایک خاص تعلیم استاد ہے جو طالب علم کے قریب رہ کر تعلیمی، جذباتی اور سماجی صلاحیتوں پر کام کرتا ہے۔ یہ خدمت چھوٹے گروپ میں یا ایک سے ایک کی بنیاد پر آپکے بچے کے ابتدائی طفلی پروگرام میں، آپکے نشاندہی کردہ کسی دوسرے بچوں کی نگہداشت کے مقام پر، یا کچھ صورتوں میں آپکے گھر پر بھی فراہم کی جاسکتی ہے۔ |
| **ہم آہنگ ماحول میں خاص کلاس (SCIS)** | یہ ایک کلاس روم ہے جس میں IEPs کے حامل اور غیرحامل طلبا کو اکھٹے تعلیم دی جاتی ہے۔ |
| **خاص کلاس** | ایک ایسا کلاس روم ہےجو صرف IEPs کے حامل طلبا کو خدمات فراہم کرتا ہے جنکی ضروریات کی تکمیل ایک عام تعلیم ماحول یا SCIS کلاس روم میں نہیں کی جا سکتی۔ |

***نوٹ: آپ کا بچہ متعلقہ خدمات اور / یا SEIT ایک نجی پری اسکول میں یا دیگر غیر پبلک بچوں کی نگہداشت نظام میں جہاں آپ اپنے بچے کا اندراج کراتے اور ٹیوشن فیس ادا کرتے ہیں، یا چند حالات میں گھر پر، حاصل کر سکتا ہے**

## امدادی ٹکنالوجی (AT) کیا ہے؟

امدادی ٹکنالوجی (AT) سے مراد وہ آلات اور / یا خدمات ہیں جو آپ کے 0 تا 3 سالوں کے درمیان کی عمر کے بچے کے IFSP میں خاکہ کش کی گئی ہیں، اور آپ کے 3-5 سال کے درمیان کی عمر کے بچے کی ضروریات کی بنیاد پر آپ کے بچے کی CPSE کے ذریعے اس کے IEP میں خاکہ کش کیا جاتا ہے۔ ابتدائی مداخلت پروگرام اور DOE دونوں کے ذریعے AT فراہم کی جاسکتی ہے۔ لیکن، EI پروگراموں اور DOE کے ذریعہ تجویز کردہ AT آلات مختلف ہو سکتی ہیں۔ EI میں AT اور DOE کے مابین اہم فرق ذیل میں پیش کیے گئے ہیں:

| ابتدائی مداخلت میں امدادی ٹینکالوجی آلات اور / یا خدمات | DOE میں امددی ٹینکالوجی آلات اور / یا خدمات |
|---|---|
| ■ کی سفارش کی جاتی ہے اگر کوئی معالج یہ طے کرتا ہے کہ آپ کے بچے کو **روز مرہ کی زندگی کی سرگرمیوں میں ان کے عملی نتائج کی حمایت کرنے کے لئے ایک آلہ کی ضرورت ہے۔**<br>■ آپ کے بچے کے **IFSP** میں شامل کیا جائے گا۔<br>■ عام طور پر **بچوں کے گھر پر استعمال ہوتے ہیں۔**<br>■ **مثالیں شامل کریں** جیسے مخصوص جگہ پر نشست پر بیٹھنے کے لیے امدادی آلات، بیت الخلا جانا یا نہانے کے انتظام، سماعت کا امدادی آلہ، اور واکرز یا چلنے کی تربیت دینے والے افراد۔ | ■ تجویز کی جاسکتی ہے کہ اگر ایک تشخیص کار یہ طے کرتا ہے کہ آپ کے بچے کو اپنے IEP پر تجویز کردہ پروگراموں اور خدمات کے حصول کے دوران تعلیمی فوائدہ تک رسائی حاصل کرنے کے لئے **کسی آلے کے ذریعے مدد کی ضرورت ہے۔**<br>■ ان کو آپ کے بچے کے **IEP** پر تجویز کردہ خاص تعلیم پروگراموں اور خدمات کے تحت شامل کیے جائیں گے۔<br>■ **اس کو بچہ جس اسکول اور / یا پروگرام میں شرکت کرتا ہے اس میں فراہم کیا جا سکتا ہے۔** اگر آپ پہلے ہی گھر پر امدادی ٹکنالوجی آلہ استعمال کرتے ہیں تو آپ سے اس آلے کو اسکول لانے کے لیے کہا جاسکتا ہے۔<br>■ **مثالیں شامل کریں** جیسے آواز پیدا کرنے والا آلہ۔ |

طبی یا علاج کرنے کا سامان جو بچے کی معذوری یا EI کے فروغ کی صورتِ حال یا محکمئہ تعلیم کے ذریعے تعلیم کے متعلق نہیں ہے، جب کہ وہ مددگار ثابت ہوسکتے ہیں، خاص طور پر کسی بھی ایجنسی کے ذریعہ فراہم نہیں کیے جاتے ہیں۔ اس طرح کے آلات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے آپ کو اپنا نجی بیمہ (انشورنس)استعمال کرنے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

AT سے متعلق اضافی معلومات کے لیے، محکمئہ تعلیم کی ذیل AT ویب سائٹ پر رجوع کریں:www.schools.nyc.gov/learning/special-education/supports-and-services/assistive-technology.

**ابتدائی مداخلت سے پری اسکول میں امدادی ٹکنالوجی کی منتقلی کرنا**

یہ ممکن ہو سکتا ہے کہ ابتدائی مداخلت کے امدادی ٹکنالوجی (AT) آلے کو پری اسکول میں منتقل کرنا ممکن ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ ابتدائی مداخلت کے دوران کسی AT آلے یا خدمت تک رسائی موصول کرتا ہے یا اسے موصول کیا تھا تو، یہ اہم ہے کہ آپ اپنے CPSE منتظم کے ساتھ ان معلومات کا اشتراک کریں، جو آپ کے بچے کے IEP تیار کرتے وقت ان معلومات پر غور کرے گا۔

- اگر آپ نے EI تشخیصات اور ریکارڈز کے EI ٹرانسمیٹل کے لیے کسی منظوری پر دستخط کی ہے تو درخواست کریں کہ جب آپ کا EISC ایک حوالے کو کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم کے فارم کو DOE کو بھیجیں تو AT آلات اور خدمات سے متعلق معلومات کا اشتراک کریں۔
- چاہے آپ کا EISC ان معلومات کا اشتراک کرتا ہے یا نہیں جب وہ حوالہ فارم بھیجتے ہیں تو، آپ کو بھی اپنے بچے کی EI خدمات کا اجازت نامہ آپ کے CPSE اجلاس میں لانا چاہیے (یہ فارم خدمات بیان کرتا ہے، بشمول AT جو آپ کے بچے کو EI میں موصول ہوئی تھی)۔

**جب آپ کے بچے کی تعلیمی ضروریات پر غور کرنے کے دوران یہ معلومات CPSE ٹیم کے لیے مددگار ہوتی ہیں۔** براہ کرم نوٹ کریں کہ DOE میں AT خدمات تک رسائی کے لیے DOE کے مرکز برائے امدادی ٹکنالوجی کے ذریعہ اضافی تشخیص کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ اگر آپ کے DOE پری اسکول پروگراموں میں AT کے بارے میں کوئی سوالات ہیں براہ کرم ذیل پتے پر ای میل کریں CATpreschool@schools.nyc.gov ۔

# پروگراموں اور خدمات کا انتظام کرنا

آپ کے بچے کا IEP تیار ہوجانے کے بعد، کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم CPSE آپ، والدین سے خدمات شروع کرنے کی تحریری اجازت طلب کرے گی۔ اسے خدمات کے لیے **" متفقہ اجازت"** کہا جاتا ہے۔ آپ کی تحریری رضامندی حاصل کرنے کے بعد، CPSE خدمات کی فراہمی کا بندوبست کرے گی۔ CPSE آپ کے بچے کے IEP پر تمام پروگراموں اور خدمات کا انتظام کرنے کی ذمہ دار ہے۔ اگر آپ اس منظوری کی درخواست کا جواب نہیں دیتے ہیں یا اجازت نہیں دیتے ہیں، CPSE خدمات کی فراہمی کا انتظام نہیں کرے گی اور مزید کوئی قدم نہیں اٹھایا جائے گا۔

**اگر آپ کے بچے کا IEP تجویز کرتا ہے**

| ایک "مربوط ترتیب میں خاص کلاس میں" یا ایک " خاص کلاس" | IEP اور / یا صرف متعلقہ خدمات |
|---|---|
| **ذیل خدمات فراہم کی جاسکتی ہیں:**<br>■ **تمام پری اسکول یا طفلی نگہداشت نظاموں میں (نجی یا پبلک)**، یا<br>■ **مخصوص حالات میں گھر پر ۔**<br><br>**CPSE ابتدائی طفلیعام تعلیم کے پروگراموں میں تقرری کا بندوبست نہیں کرتی ہے۔ اگر آپ محکمۂ تعلیم DOE کے ابتدائی طفلی پروگراموں میں درخواست دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں، پچھلے جز کے صفحات 9-7 ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کا بچہ ان میں سے کسی پروگرام میں شرکت کرتا ہے، آپ کے بچے کو متعلقہ خدمات اور / یا SEIT پروگرام میں فراہم کی جائیں گی۔** | CPSE ایک پری اسکول خاص تعلیم پروگرام میں ایک مناسب تقرری کا انتظام کرے گی۔ یہ کلاسیں پری کنڈر گارٹن مراکز، ضلعی اسکولوں اور کمیونٹی پر مبنی خصوصی تعلیم کے پروگراموں میں دستیاب ہیں۔<br><br>آپ کے بچے کے *IEP* کی تجویز کردہ تمام خدمات پری اسکول خاص تعلیم پروگرام میں فراہم کی جائیں گی۔ |

اگر آپ کے بچے کو خاص کلاس یا SCIS کی تجویز کے ساتھ IEP موصول ہوتا ہے تو آپ کو پھر بھی 3-K یا پری کے فار آل میں درخواست دینے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ اگر آپ درخواست دیتے ہیں، نشست حاصل کرتے ہیں اور ایک 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں شرکت کا انتخاب کرتے ہیں تو CPSE آپ کے منتخب کردہ پروگرام میں آپ کے بچے کی مدد کرنے کے لیے آپ کے IEP میں مناسب پروگرام اور خدمات کی تجویز کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گی۔ کسی بھی موقع پر، آپ یا پروگرام کا عملہ CPSE سے ملاقات کرنے کی درخواست کرسکتا ہے تاکہ اس پر بات چیت کی جاسکے کہ آیا آپ کے بچے کو پروگرام میں فراہم کی جانے والی امداد سے کہیں زیادہ مدد کی ضرورت ہے۔

CPSE کے عمل بشمول پری اسکول کی خاص تعلیم خدمات، IEPs، اور پروگراموں اور خدمات کے بارے میں تشخیص، اہلیت کے معیار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، پری اسکول خاص تعلیم خدمات سے متعلق اہل خانہ رہنمائی کو ذیل پر ملاحظہ کریں: www.schools.nyc.gov/docs/default-source/default-document-library/family-guide-to-preschool-special-education-services-Urdu

## باضابطہ کاروائی

آپکے بچے کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کی تیاری، جائزے اور نظرثانی میں آپکا حصہ لینا اہم ہے۔ بطور ایک والدین، یہ یقینی بنانا آپکا حق ہے کہ آپ مکمل طور پر سمجھیں کہ آپکے بچے کے IEP میں کیا ہے۔

قانون کے ذریعے، بطور والدین آپ کو باضابطہ کاروائی کے حقوق حاصل ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE) میں کی جانے والی تجاویز سے متفق نہیں ہیں تو، آپ کو اپنے بچے کی اہلیت، تشخیص، خدمات، اور تقرری کے فیصلوں کو ثالثی اور / یا غیر جانبدارانہ سماعت کے ذریعے چیلنج کرنے کا حق ہے۔

- **ثالثی:** ثالثی کے دوران، آپ اور CPSE کا ایک ممبر ایک غیرجانبدار تیسرے فریق کے ساتھ بیٹھتے ہیں جو آپکی اور DOE کی ایک معاہدے پر پہنچنے میں مدد اور حوصلہ افزائی کرے گا۔ ثالث کوئی فیصلہ یا حکم جاری نہیں کرتا ہے۔ اسکے بجائے، ثالث کا کام آپکی اور DOE کی ایک متفقہ حل پر پہنچنے میں مدد کرنا ہے۔
  - آپ اپنے مقامی ثالثی مرکز سے ثالثی کی تحریری درخواست کرسکتے ہیں۔ ثالثی کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہِ مہربانی ذیل ملاحظہ کریں: www.schools.nyc.gov/learning/special-education/help/your-rights.
- **غیرجانبدارانہ سماعت:** بطور والدین آپکو ایک غیرجانبدار سماعت کی گزارش کرنے کا حق حاصل ہے۔ یہ ایک قانونی کاروائی ہے۔ ایک غیرجانبدار سماعت کے دوران، آپ ایک غیرجانبدار سماعتی افسر کے سامنے پیش ہونگے (DOE کا ملازم نہیں) اور اپنی روداد بیان کریں گے۔ سماعتی افسر آپکی اور DOE کی جانب سے نمائندے کی بات سنے گا، گواہوں اور دستاویزات سے ثبوت حاصل کرے گا، اور اسکا تحریری فیصلہ کرے گا کہ آپ نے جو مسئلہ اٹھایا ہے اسے کس طرح حل کیا جائے۔ ایک بار غیرجانبدار سماعت کی گزارش کرنے کے بعد، "تصفیہ طلب" (بعض اوقات "stay-put " کہا جاتا ہے) کا اطلاق ہوتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ کسی بھی باضابطہ قانونی کاروائی کے دوران اپنی موجودہ تقرری پر رہے گا جب تک کہ معاملہ حل نہ ہوجائے یا آپ محکمۂ تعلیم کے ساتھ کسی معاہدے پر نہ پہنچ جائیں۔ نوٹ کریں کہ اگر آپ کا بچہ 3 سال کا ہوجاتا ہے اور CPSE خدمات کے لیے اہلیت ابھی تک قائم نہیں ہوئی ہے تو، زیر تصفیہ طلب کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔
  - غیر جانبدار سماعت کی درخواستیں تحریری طور پر **دفتر برائے غیرجانبدارنہ سماعت** کو کرنا لازمی ہے
    131 Livingston Street, Room 201 Brooklyn, New York 11201
    فون: 935-3280 (718)، ای میل: ihoquest@schools.nyc.gov
  - آپکی غیرجانبدارانہ سماعت کی درخواست کے لیے لازمی ہے کہ:
    - دفتر برائے غیرجانبدارانہ سماعت کو تحریری طور پر کی جائے؛
    - اپنے بچے کا نام، پتہ اور طالب علم کا شناختی نمبر درج کریں (اگر آپکے بچے کے پاس اس وقت موجود ہے)؛
    - آپکا بچہ جس اسکول میں جاتا ہے اسکا نام درج کریں (یا بیان کریں کہ آپکا بچہ ابھی اسکول نہیں جاتا ہے)؛
    - اپنی تشویشات سے متعلقہ حقائق اور مجوزہ حل بیان کریں؛ اور
    - اپنے (والدین) کا نام اور رابطہ معلومات شامل کریں۔
  - ایک تجویز کردہ درخواست فارم، جس کا استعمال آپ ایک غیرجانبدارانہ سماعت کی درخواست کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔ CPSE، دفتر برائے غیرجانبدارانہ سماعت سے یا آن لائن ذیل پر دستیاب ہے www.schools.nyc.gov/learning/special-education/help/impartial-hearings.





## 3-K فار آل اور پری کے فار آل میں دستیاب معاونت

اگر آپ کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE) کو حوالہ نہ دینے کا فیصلہ کرتے ہیں، یا اگر آپ CPSE میں حوالہ جمع کراتے ہیں، اور آپ کے بچے کی پری اسکول خاص تعلیم کے لیے اہل نہیں پایا جاتا ہے، پھر بھی آپ کا بچہ عام تعلیم جیسے 3-K اور پری کے فار آل میں معاونت تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔

3-K اور پری کے فار آل تمام بچوں کو مختلف قسم کی مدد فراہم کرتے ہیں۔ ان پروگراموں میں ابتدائی طفلی اساتذہ ہوتے ہیں جو اپنی توجہ بچوں کی حرکی، لسانی اور خواندگی، اور سماجی، جذباتی صلاحیتوں کی نشونما پر مرکوز رکھتے ہیں۔ ایک عام دن میں، بچے بڑے اور چھوٹے گروپوں کی سرگرمیوں، اپنے منتخب کردہ وقت اور کھیل کے ذریعے تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اساتذہ دن بھر کے لیے تدریسی تجربات کو ترتیب دیتے رہتے ہیں، اور وقت کے ساتھ ساتھ اپنے بچوں کی نشونما کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ پروگراموں کے پاس ابتدائی طفلی سماجی کارکنان اور تدرسی رابطہ کاروں کے ذرائع تک رسائی بھی موجود ہے، جو اہل خانہ کے ساتھ شمولیت، سماجی، جذباتی تدریس اور تعلیم میں مدد کے لیے دستیاب ہوتے ہیں۔

- دستیاب عام تعلیمی پروگراموں کی مزید معلومات کے لیے اور رابطہ معلومات جاننے کے لیے، آپ ذیل پر جائیں www.MySchools.nyc.
- آپ محکمۂ تعلیم کی رابطہ ٹیم کو **212-637-8000** پر فون کر کے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کے سوالات ہیں یا آپ کو ابتدائی مداخلت سے پری اسکول میں منتقلی کے دوران مدد کی ضرورت ہے، تو آپ ذیل پر رابطہ کر سکتے ہیں eitopreschool@schools.nyc.gov۔
- عام اندراج کی معاونت کے لیے، آپ خاندانی استقبالیہ مرکز میں تشریف لا سکتے ہیں (مقامات ذیل پر دستیاب ہیں: www.schools.nyc.gov/enrollment/enrollment-help/family-welcome-centers).

# III. ابتدائی مداخلت اور پری اسکول کی خاص تعلیم کے مابین مماثلت اور فرق

ابتدائی مداخلت (EI) سے پری اسکول خاص تعلیم میں منتقلی آپ اور آپ کے بچے کے لیے تبدیلیوں کا تقاضہ کرسکتا ہے۔ پری اسکول خاص تعلیم پروگرام اور خدمات EI خدمات سے مختلف ہیں۔

ایک بڑی تبدیلی یہ ہے کہ آپ کے اہل خانہ کو ایک مداخلتی خدمات رابطہ کار دستیاب نہیں ہو گا۔ اس کے بجائے، آپ ایک کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیمی منتظم (Committee on Preschool Special Education (CPSE کے ساتھ اپنے بچے کے انفرادی تعلیمی پروگرام (Individualized Education Program (IEP تشکیل دینے پر کام کریں گے اور CPSE منتظم، CPSE کاروائی کے دوران رابطہ فرد ہوگا۔

اس کے علاوہ، آپ کا بچہ اب وہ خدمات اس مقام پر حاصل نہیں کر سکے گا جسے کہ وہ EI کے دوران حاصل کیا کرتا تھا۔ پری اسکول خاص تعلیم خدمات عام طور پر سب سے زیادہ ابتدائی طفلی پروگراموں میں فراہم کی جاتی ہیں۔ مزید خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کو ایک پری اسکول خاص تعلیم کلاس کی ضرورت ہو سکتی ہے۔



ذیلی جدول میں آپ ان میں فرق کا خلاصہ پڑھ سکتے ہیں۔

| | نیویارک محکمئہ تعلیم برائےصحت اور ذہنی حفظان صحت (DOHMH) ابتدائی مداخلت پروگرام اور خدمات | نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) پری اسکول خاص تعلیم پروگرام اور خدمات |
|---|---|---|
| خدمت حاصل کرنے والے بچے کی عمر | بچے جن کی عمریں **پیدائش سے 3 سال تک** معذوری یا نشونما میں تاخیر.کے حامل ہوں۔ | بچے جن کی عمریں **3 تا 5 سال** تعلیم پر اثر انداز ہونے والی معذوری یا نشونما میں تاخیری کے حامل بچے۔ |
| خدمات کے محل وقوع | زیادہ تر فراہم کی جانے والی خدمات**قدرتی ماحول میں**جو کہ گھر یا آپ کے بچے کا ابتدائی طفلی پروگرام کا مقام ہو سکتا ہیے۔ | عام طور پر زیادہ تر خدمات **مرکز- پر- مبنی ہوتی ہیں** اور مخصوص حالات میں نگہداشت یا پری اسکول پروگرام میں یا گھر پر فراہم کی جا سکتی ہیں. مزید خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کو ایک پری اسکول خاص تعلیم کلاس کی تجویز دی جا سکتی ہے۔ |
| تشخیص | EI کی اہلیت کا تعین ایک تشخیص کے ذریعے ہوتا ہے۔<br>EI تشخیصات **بچے کی نشوونماپر** مرکوز ہوتی ہیں۔<br><br>ایک ابتدائی مداخلت خدمت رابطہ کار آپ کے اہل خانہ کو تشخیص شیڈول کرنے میں مدد کرے گا، اگر یہ درکار ہے۔ | پری اسکول خاص تعلیم کی اہلیت کا تعین ایک تشخیص کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ پری اسکول تشخیصات بچے کی **تعلیم اور نشونما** پر مرکوز ہوتی ہیں.<br><br>والدین کے لیے لازمی ہے کہ یہ ابتدائی حوالہ پیکٹ میں **دی گئی فہرست میں سے ایک منظورشدہ تشخیص** کے مقام کا انتخاب کریں۔ والدین کے لیے اس تشخیصی جگہ کے ساتھ وقت ملاقات طے کرنا لازمی ہے۔ درخواست کرنے پر، CPSE اہل خانہ تشخیصی مقامات سے رابطہ کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ |
| خدمت کے منصوبے | اگر اہلیت پائی گئی، ایک **انفرادی اہل خانہ خدمت کا منصوبہ (IFSP)** بچے کے لیے تشکیل دیا جائے گا جس میں انکو ملنے والی خدمات بتائی جائیں گی. یہ ابتدائی مداخلت باضابطہ نامزد فرد کی قیادت میں ہونے والے اجلاس میں واقع ہو گا۔ | اگر اہلیت پائی گئی، تو ایک **انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)** کو CPSE اجلاس کے دوران CPSE منتظم کی قیادت میں تشکیل دیا جائے۔ IEP ایک ایسا منصوبہ ہے جس میں بچے کی صلاحیتوں پر بات ہوتی ہے اور اس میں ان خدمات کو خاکہ کش کیا جاتا ہے جو بچے کی تعلیمی ضروریات پورا کرنے کے لیے فراہم کی جائیں گی۔ |
| والدینی شمولیت | **والدین بچے کے منصوبے کی کاروائی اور تشکیل میں سرگرم عمل ہو کر شامل ہوتے ہیں۔** | **والدین بچے کے منصوبے کی کاروائی** اور تشکیل میں سرگرم عمل ہو کر شامل ہوتے ہیں۔ |
| اہلیت کے حامل بچوں کی درجہ بندی | بچوں کی درجہ بندی **ابتدائی مداخلتی خدمات کے لیے اہل کے طور پرکی گئی ہے**۔ اسکا مطلب ہے کہ انہیں ایک طبی مسئلہ ہے یا نشو و نما میں تاخیر ہے۔ | بچے کے IEP میں ان کی درجہ بندی **پری اسکول معذوری کے حامل طالب علم** کے طور پر ہوتی ہے۔ اس کا مطلب کہ ان کو تاخیری یا معذوری ہے جس کا اثر تعلیم پر پڑ رہا ہے۔ |
| خدمات کا انتظام کرنا | یہ **ابتدائی مداخلت کا باضابطہ نامزد فرد (EIOD) اور ابتدائی مداخلت خدمت رابطہ کار (EISC)**، اہل خانہ کے ساتھ IFSP تشکیل دیں گے، اہل خانہ کے ساتھ EI خدمات کے دوران کام کریں گے اور منتقلی کی منصوبہ بندی میں مدد کریں گے۔ | ایک **CPSE منتظم** آپ کے بچے کی IEP کے مطابق پروگرام اور خدمات کا انتظام کرتا ہے۔ |
| **10** بمقابلہ **12** ماہ | EI خدمات **پورے سال کے کیلنڈر کے دوران (12 مہینے) پیش کی جاتی ہیں۔** | پری اسکول خاص تعلیم خدمات **عام طور پر پورے اسکولی سال میں (10 مہینے) پیش کی جاتی ہیں، لیکن انھیں 12 مہینوں کے لیے پیش کیا جا سکتا ہے** اگر گرمیوں میں خدمات حاصل نہ کرنے کے سبب آپ کا بچہ کافی پیچھے رہ گیا ہو۔ |
| قیمت | تمام ابتدائی مداخلتی خدمات، اہل بچوں کو **بلا معاوضہ** فراہم کی جاتی ہیں۔ مگر ابتدائی مداخلت، خاندانی بیمہ اور میڈیکیڈ کی معلومات مانگے گا۔ | یہ پری اسکول خاص تعلیم خدمات تمام اہل بچوں کو **بلا معاوضہ** فراہم کی جاتی ہیں۔ |

# IV. کم سے کم پابندی والا ماحول (LRE) اور مشمولیت

DOE کم سے کم پابندی والے ماحول (LRE) میں مناسب خدمات مہیا کرتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ معذوری کے حامل طلبا کو زیادہ سے زیادہ ممکنہ حد تک بغیر معذوری والے طلبا کے ساتھ تعلیم دی جاتی ہے۔ مشمولی کلاسیں ایسی کلاسیں ہوتی ہیں جہاں معذوری کے حامل بچے اور بغیر معذوری والے بچے ایک ہی کلاس رومز میں مل کر سیکھتے ہیں۔

جب بچے پری اسکول خاص تعلیم خدمات کے لیے اہل قرار پائے جاتے ہیں، تو کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE) کو لازم ہے کہ وہ کسی بچے کے لیے مناسب کم سے کم پابندی والے ماحول میں پری اسکول کے بچوں کے لیے خدمات کی تجویز کرے، جس کو زیادہ تر بچوں کے لیے مشمولی ترتیب ہونا چاہئیے۔

مشمولی ترتیب کی مثالیں ذیل میں ہیں:

- عام تعلیم کا ایک کلاس روم، 3-K فار آل جیسا پروگرام ہمعہ گویائی یا جسمانی علاج جیسی خدمات کے ساتھ؛
- عام تعلیم کا ایک کلاس روم، ایک 3-K فار آل جیسا پروگرام ہمعہ خاص تعلیم کے سفری استاد (SEIT) کے ساتھ؛
- ایک مربوط ترتیب میں ایک خاص کلاس (SCIS)، جس میں معذوری کے حامل اور بغیر معذوری والے بچے شامل ہیں۔
- ایک مربوط ترتیب میں ایک خاص کلاس (SCIS)، جس میں معذوری کے حامل بچے اور بغیر معذوری والے بچے بھی شامل ہیں، اضافی معاونتوں کے ساتھ، جیسے گویائی یا جسمانی علاج جیسی خدمات، یا کوئی پیشہ ورانہ معاونت۔

دیگر تجاویز، جیسے ایک خاص کلاس پروگرام جو صرف معذوری کے حامل طلبا کو خدمات فراہم کرتا ہے، آپ کے بچے کو صرف اس وقت پیش کیا جاتا ہے جب ان کی ضروریات کو عام تعلیم یا SCIS ترتیب میں اضافی امداد اور خدمات کے ساتھ پورا نہیں کیا جاسکتا ہو۔ اگر آپ کے بچے کو خاص کلاس یا SCIS کی تجویز کے ساتھ ایک IEP موصول ہوتا ہے تو آپ کو پھر بھی 3-K یا پری کے فار آل کے لیے درخواست دینے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ اگر آپ درخواست دیتے ہیں، نشست حاصل کرتے ہیں اور ایک 3-K یا پری کنڈر گارٹن پروگرام میں شرکت کا انتخاب کرتے ہیں تو CPSE آپ کے منتخب کردہ پروگرام میں آپ کے بچے کی مدد کرنے کے لیے آپ کے IEP میں مناسب پروگرام اور خدمات کی تجویز کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گی۔ کسی بھی موقع پر، آپ یا پروگرام کا عملہ CPSE سے ملاقات کرنے کی درخواست کرسکتا ہے تاکہ اس پر بات چیت کی جاسکے کہ آیا آپ کے بچے کو پروگرام میں فراہم کی جانے والی امداد سے کہیں زیادہ مدد کی ضرورت ہے۔







## مشمولیت کے فوائد

مشمولیت کی ترتیب، جیسے عام تعلیم یا SCIS کلاس رومز، معذوری کے حامل بچے اور بغیر معذوری والے بچوں کو ایک دوسرے کے ساتھ سیکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ مشمولیت، تعلیمی فروغ، خود مختاری، اور سماجی - جذباتی فروغ کو پروان چڑھاتی ہے۔

ابتدائی بچپن میں مشمولیت کے متعلق تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ:

- معذور ی کے حامل اور بغیر معذوری والے بچوں، دونوں کو شامل ہونے سے فائدہ ہوتا ہے:
  - معذوری کے حامل بچے اپنے ساتھیوں سے سیکھتے ہیں، اور ابلاغ، معاشرتی-جذباتی اور مطابقت پذیر طرز عمل کی صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں۔
  - بغیر معذوری والے بچوں میں تنوع اور زیادہ ہمدردانہ معاشرتی طرز عمل کی قبولیت پیدا ہوتی ہے۔
- معذوری کے حامل بچے جو مشمولیت والے کلاس رومز میں تعلیم پاتے ہیں:
  - ان میں زبان اور ریاضی کی مستحکم صلاحیتوں کا فروغ ہوتا ہے۔
  - ان کا ساتھیوں کے ساتھ معاشرتی تعامل کرنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے، جس کی وجہ سے وہ دوستوں کے بڑے نیٹ ورک بناتے اور معاشرتی صلاحیتوں کو حاصل کرسکتے ہیں۔
  - ان میں اسکول سے کم دن غیر حاضر رہنے کا رجحان پیدا ہوتا ہے۔

ایک یاد دہانی کے طور پر، 3-K اور پری کے فار آل مشولیت کی ترتیب پیش کرتے ہیں۔ ان پروگراموں اور درخواست کیسے دی جائے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے صفحہ 9-7 پر سیکشن I سے رجوع کریں۔

# ۷. اضافی معلومات اور وسائل

## 3-K اور پری کے فار آل کے لیے درخواست دینے کے لیے اضافی وسائل:

پروگراموں کی معلومات اور رابطوں اور 3-K فار آل، پری کے فار آل سے متعلق درخواست کو ذیل پر پایا جا سکتا ہے www.MySchools.nyc.

- درخواست میں مدد کے لیے رابطہ ٹیم سے ذیل پر رابطہ کریں: **212-637-8000**.
- داخلوں اور اندراج سے متعلق عام سوالات کے لیے دفتر برائے طالبانہ اندراج سے ذیل پر رابطہ کریں ESEnrollment@schools.nyc.gov.
- آپ خاندانی استقبالیہ مرکز میں تشریف لا سکتے ہیں (مقامات ذیل پر دستیاب ہیں): www.schools.nyc.gov/enrollment/enrollment-help/family-welcome-centers.

## پری اسکول خاص تعلیم معاونت کے لیے DOE کے رابطے:

| موضوع | رابطہ معلومات |
|---|---|
| DOE خاص تعلیم ہاٹ لائن | **718-935-2007** |
| ابتدائی مداخلت (EI) منتقلی | EItoPreschool@schools.nyc.gov |
| متعلقہ خدمات | RelatedServices@schools.nyc.gov |
| خاص تعلیم | SpecialEducation@schools.nyc.gov |
| عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا | STHinfo@schools.nyc.gov |
| امدادی ٹیکنالوجی | CATpreschool@schools.nyc.gov |

وسائل بشمول NYCDOE اہل خانہ رہنما کتابچہ برائے پری اسکول خاص تعلیم خدمات، DOE کے پری اسکول خاص تعلیم ویب صفحہ پر دستیاب ہے: www.schools.nyc.gov/learning/special-education/preschool-to-age-21/moving-to-preschool.

مزید معلومات کے لیے **311** پر رابطہ کریں یا ذیل پر جائیں www.schools.nyc.gov/specialeducation.

# CPSE علاقہ، چیئر پرسن اور کمیونٹی رابطہ کار سے رابطہ کی معلومات

کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE)، تین سال سے لے کر کنڈر گارٹن (جس سال آپ کا بچہ پانچ سال کا ہوگا) کی عمر تک کے بچوں کے لیے خاص تعلیم کی کاروائی کو مربوط بنانے کا ذمہ دار ہے۔ CPSE ضلع میں رہنے والے خاندانوں کے ساتھ ملکر کام کرتے ہیں اس بات کے قطع نظر کہ بچے کہاں خدمات حاصل کر رہے ہیں یا کہاں پری اسکول جا رہے ہیں۔

شہر کے مختلف علاقوں دس CPSE ہیں۔ ہر CPSE کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) کے دفتر کا حصہ ہے۔ ایک چیئرپرسن دفتر کی بشمول اس میں CPSE کی، نگرانی کرتا ہے۔ CPSE کمیونٹی رابطہ کار CPSE کاروائی کے ذریعے والدین کی مدد کرتے ہیں۔ CPSE کو حوالہ دینے کے بعد، آپ اس CPSE میں کمیونٹی رابطہ کار سے رابطہ کرسکتے ہیں جس کی معاونت کے لیے آپ نے حوالہ دیا ہے۔

اگر آپ کو نہیں معلوم ہے کہ آپ کس اسکول ضلع میں رہ رہے ہیں تو اپنا ضلع معلوم کرنے کے لیے **311** پر فون کریں یا www.MySchools.nyc کا استعمال کریں۔ ہر CPSE کئی اسکول اضلاع کا احاطہ کرتی ہے۔ آپ کو اپنے ضلع کی CPSE کی رابطہ معلومات ذیل کے جدول سے یا آن لائن معلوم ہو سکتی ہیں۔ www.schools.nyc.gov/learning/special-education/help/committees-on-special-education.

| CPSE | ضلع (اضلاع) | پتہ | CSE روابط | فیکس |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 7, 9,10 | One Fordham Plaza, 7th Floor Bronx, NY 10458 | فون: 718-329-8000<br>چئیر پرسن:<br>Steven Birkeland – SBirkeland@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Jamiqua Bennett – JBennett16@schools.nyc.gov<br>Lauren Cross – LCross3@schools.nyc.gov | CPSE 1: 718-326-8138<br>CSE 1: 718-472-6114 |
| 2 | 8, 11, 12 | 3450 East Tremont Avenue, 2nd Floor Bronx, NY 10465 | فون: 718-794-7420 ہسپانوی 718-794-7490<br>چئیر پرسن: Tricia DeVito – TDeVito@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Vern Hill – VHill5@schools.nyc.gov | CPSE 2: 718-472-6116<br>CSE 2: 718-472-6146 |
| 3 | 25, 26 | 30-48 Linden Place Flushing, NY 11354 | فون: 718-281-3461<br>چئیر پرسن:<br>Jennifer Lozano – JLozano@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Denise Henderson – DHenderson8@schools.nyc.gov | CPSE 3: 718-472-6118<br>CSE 3: 718-472-6149 |
| 3 | 28, 29 | 90-27 Sutphin Boulevard Jamaica, NY 11435 | فون: 718-557-2553<br>چئیر پرسن:<br>Jennifer Lozano – JLozano@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Deana Kalley (Sutphin) – DKalley@schools.nyc.gov | CPSE 3: 718-472-6118<br>CSE 3: 718-472-6149 |
| 4 | 24, 30 | 28-11 Queens Plaza North, 5th Floor Long Island City, NY 11101 | فون: 718-391-8405<br>چئیر پرسن:<br>Chris Cinicola – CCinicola@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Loureannie Reynoso – LReynoso4@schools.nyc.gov | CPSE 4: 718-472-6120<br>CSE 4: 718-472-6155 |
| 4 | 27 | 82-01 Rockaway Boulevard, 2nd Floor Ozone Park, NY 11416 | فون: 718-642-5715<br>چئیر پرسن: Chris Cinicola – CCinicola@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Loureannie Reynoso – LReynoso4@schools.nyc.gov | CPSE 4: 718-472-6120<br>CSE 4: 718-472-6155 |

| CPSE | ضلع (اضلاع) | پته | CSE روابط | فیکس |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 19, 23, 32 | 1665 St. Marks Avenue Brooklyn, NY 11233 | فون: 718-240-3557 یا 718-240-3558<br>چئیر پرسن:<br>Geraldine Beauvil – GBeauvil@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Chemene Ward – CWard11@schools.nyc.gov | CPSE 5:<br>718-472-6125<br>CSE 5:<br>718-472-6159 |
| 6 | 17, 18, 22 | 5619 Flatlands Avenue Brooklyn, NY 11234 | فون: 718-968-6200<br>چئیر پرسن:<br>Arlene Rosenstock – ARosens3@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Dana Malacio – DMalacio2@schools.nyc.gov | CPSE 6:<br>718-472-6128<br>CSE 6:<br>718-472-6164 |
| 7 | 20, 21 | 415 89th Street Brooklyn, NY 11209 | فون: 718-759-4900<br>چئیر پرسن: Dina Benanti – DBenanti@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Nivedita Biswas – NBiswas2@schools.nyc.gov | CPSE 7- BK:<br>718-472-6131<br>CSE 7- BK:<br>718-472-6168 |
| 7 | 31 | 715 Ocean Terrace, Building A Staten Island, NY 10301 | فون: 718-420-5790<br>چئیر پرسن: Dina Benanti – DBenanti@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Doel Santiago (SI) – Dsantiago23@schools.nyc.gov | CPSE 7- SI:<br>718-472-6139<br>CSE 7- SI:<br>718-472-6161 |
| 8 | 13, 14, 15, 16 | 131 Livingston Street, 4th Floor Brooklyn, NY 11201 | فون: 718-935-4900<br>چئیر پرسن: Carolyn Danner – CDanner@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Lisandra Andrade – LAndrade2@schools.nyc.gov<br>Dana Ynesa Reandelar – DReandelar@schools.nyc.gov | CPSE 8:<br>718-472-6133<br>CSE 8:<br>718-472-6179 |
| 9 | 1, 2, 4 | 333 7th Avenue, 4th Floor New York, NY 10001 | فون: 917-339-1600<br>چئیر پرسن: Esther Morell – EMorell@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Vincent Lane – VLane@schools.nyc.gov | CPSE 9:<br>718-472-6136<br>CSE 9:<br>718-472-6181 |
| 10 | 3, 5, 6 | 388 West 125th Street New York, NY 10027 | فون: 212-342-8300<br>چئیر پرسن:<br>Fabiana Czemerinski – FCzemerinski@schools.nyc.gov<br>کمیونٹی رابطہ کار:<br>Tanya Tirado – TTirado2@schools.nyc.gov | CPSE 10:<br>718-472-6138<br>CSE 10:<br>718-472-6193 |





# اسکول کا دفتر برائے صحت

اسکول کا دفتر برائے صحت (OSH) کا الحاق نیو یارک شہر کے محکمئہ صحت اور محکمئہ تعلیم سے ہے۔ OSH کا عملہ نیو یارک شہر کے طلبا کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے کام کرتا ہے۔ OSH تمام طلبا کو صحت کی خدمات مہیا کرتا ہے، ان میں خصوصی صحت کی خدمات کی ضرورت مند بھی شامل ہیں۔ DOE کے کچھ پری اسکول پروگراموں میں یہ خدمات مہیا کرنے کے لیے سائٹ پر ایک نرس موجود ہوتی ہے۔

**دفتر برائے اسکول میں صحت، پروگراموں اور خاندانوں کی معاونت ذیل کے ذریعے کرتا ہے...**

| اسکولوں، والدین / اہل خانہ اور طلبا کو معلومات فراہم کر کے۔ | جن بچوں کو ضرورت ہو ان کو صحت کی خدمات فراہم کر کے۔ |
|---|---|
| ■ اسکول میں بیمار ہونے والے یا جن کو بدستور کوئی طبی مسئلہ ہے ان طلبا کو طبی نگہداشت فراہم کر کے۔<br>■ اسکول میں شناخت شدہ صحت کی تشویشات کے بارے میں آپ سے بات کر کے<br>■ صحت کی ہنگامی صورتحال پر ردعمل کر کے۔<br>■ صحت کی جانچ انجام دے کر۔<br>■ طلبا کو متعدی بیماریوں کے پھیلاؤ سے بچا کر۔ | ■ اسکول کے دنوں میں صحت کی ہنگامی صورتحال (الرجی، دمہ، ذیابیطس، دوروں) سے نمٹنے کے طریقوں کی تربیت کے ساتھ پروگرام فراہم کر کے۔<br>■ طلبا اور والدین کو طبی مسائل اور غذائیت اور جسمانی سرگرمی جیسے تندرست طرز عمل کے بارے میں تعلیم دیتے ہیں۔<br>■ کنبوں کو معاشرتی صحت کی دیکھ بھال فراہم کنندگان اور دیگر معاشرتی وسائل کا حوالہ دے کر۔ |

**بطور ایک والدین یا قانونی سرپرست:**

- اگر آپ کا بچہ پہلی بار NYC اسکول میں داخلہ لے رہا ہو تو اپنے بچے کے بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ سے بچے/ نوعمر کی صحت کی جانچ کے باضابطہ فارم (CH-205) پُر کرنے کی گزارش کریں۔
  نوٹ کریں کہ NYC اسکول میں شرکت کرنے والے تمام بچوں کو لازماً یہ فارم مکمل کرنا ہوگا۔
  - CH-205 فارم اور اسکول میں داخلے کے لیے طبی مطلوبات کے بارے میں مزید معلومات کو DOE کی ویب سائٹ پر پائیں: www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/health-requirements-to-attend-school۔
- آپ کے بچے کی CPSE ٹیم اور / یا پری اسکول پروگرام کو بتائیں کہ آیا آپ کے بچے کو کوئی طبی مسئلہ ہے اور اسے اسکول میں/نقل و حمل کے دوران صحت کی خدمات یا رہائش کی ضرورت ہے (جیسے ادویات، علاج، طبی سامان)۔ آپ کو اور آپ کے بچے کے طبی فراہم کنندگان، دونوں کو فارم مکمل کرنے کے لیے فراہم کیے جائیں گے تاکہ اگر ضروری ہو تو اسکول کے دن اور / یا نقل و حمل کے دوران مدد فراہم کی جاسکے۔
  - طبی خدمات اور سہولیات کے فارم DOE کی ذیل ویب سائٹ پر مل سکتے ہیں www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/health-services۔
  - ان فارموں کو آپ کے بچے کے پری اسکول پروگرام میں حاضری کے پہلے دن سے قبل ہی مکمل کرنا لازمی ہے؛ اپنے CPSE اجلاس سے قبل اپنے CPSE کے منتظم کے ساتھ اشتراک کے لیے انہیں اپنے طبی فراہم کنندہ کے ساتھ مل کر مکمل کریں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کے بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ کے ذریعے اس کے باقاعدگی سے معائنے اور مابعد معائنے ہوں۔ اگر آپ کے بچے کا کوئی بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ نہیں ہے تو فراہم کنندہ کے انتخابات کے لیے اپنے بچے کے صحت بیمہ پلان سے مشورہ کریں۔

- اگر آپ کے بچے کے پاس پری اسکول IEP نہیں ہے:
  - ریاستِ نیویارک میں، 19 سال سے کم عمر کے تمام بچے چائلڈ ہیلتھ پلس کے اہل ہیں، جن میں بغیر دستاویز والے تارکین وطن بچے بھی شامل ہیں۔ مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے:
    - 311 پر کال کریں؛
    - اپنے اسکول کے اندراج کنندہ سے جانچ کریں؛ یا
    - ذیل پر آن لائن جانچ کریں: www.nystateofhealth.ny.gov۔
- اپنے اسکول کی نرس سے بات کریں یا OSH@health.nyc.gov پر آپ کے اسکول کی نرس سے رابطہ کریں اگر آپ کے کوئی سوال یا تشویشات ہوں۔

## بیرونی وسائل

**INCLUDEnyc: NYC کے لیے خاندانی اور اجتمائی شمولیت (FACE) کے مراکز**

INCLUDEnyc اوائل بچپن اور اسکولی عمر کے بچوں اور خاندانی اور اجتمائی شمولیت (FACE) مرکز برائے برونکس، بروکلین، مین ہٹین، کوئینز، اور اسٹیٹن آئلینڈ ہے، جس کی مالی اعانت نیو یارک ریاست محکمئہ تعلیم کے دفتر برائے خاص تعلیم (NYSED OSE) کے ذریعے کی جاتی ہے، اس کا مقصد تعلیمی نظام میں پُر معنی خاندانی شمولیت، باہمی تعاون کے ساتھ سماجی تعلقات استوار کرنا، اور پیدائشی عمر سے لے کر 21 سال تک کے بچوں کے لیے دستیاب خدمت کے انتخابات اور فراہمی کے نظام کے بارے میں معلومات اور تربیت فراہم کرنا ہے۔

INCLUDEnyc سے رابطہ کرنے کے لیے، آپ مدد کی درخواست درج ذیل طریقوں سے کرسکتے ہیں یا سوالات پوچھ سکتے ہیں:

- ان کی ویب سائٹ پر جا کر: www.includenyc.org / ہسپانوی: www.incluyenyc.org؛
- ان کی ہیلپ لائن کو ذیل پر فون کر کے: **212-677-4660** / ہسپانوی: **212-677-4688**؛ یا
- ان کو ذیل پتے پر ای میل کر کے: info@INCLUDEnyc.org۔

**یہ مزید تنظیمیں ہیں جو آپ کے لیے مددگار ہو سکتی ہیں اور ان کے پاس اضافی وسائل ہو سکتے ہیں۔**

| ادارہ | فون | ای میل | ویب سائٹ |
|---|---|---|---|
| Advocates for Children of New York | 866-427-6033 (پیر–جمعرات، صبح 10 سے شام 4 بجے) | info@advocatesforchildren.org | www.advocatesforchildren.org |
| دفتر برائے نشوونما سے متعلقہ معذوریوں کے حامل افراد (OPWDD) | 866-946-9733 | info@opwdd.ny.gov | www.opwdd.ny.gov |
| Parent to Parent of New York State | 518-381-4350، 1-800-305-8817 | info@ptopnys.org | www.parenttoparentnys.org |
| Sinergia/ والدین کا بلدیاتی مرکز | 212-643-2840/ 866-867-9665 | information@sinergiany.org | www.sinergiany.org |
| United We Stand of New York | 718-302-4313 | info@uwsofny.org | www.uwsofny.org |

# VI. کلیدی شرائط

**عمر کی اہلیت:** بچے کی پیدائش کی تاریخ کی بنیاد پر، وہ عمر جس میں بچہ CPSE سے خدمات حاصل کرنا شروع کرسکتا ہے۔

**طرزِ عمل مداخلتی منصوبہ (BIP):** مشکل رویے کی نشاندہی کرنے اور اسے حل کرنے کے لیے ایک ایسا منصوبہ جو FBA کے نتائج پر مبنی ہے۔

**کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم(ESPC):** 5-3 سال کی عمر کے بچوں کے لیے خاص تعلیم کے عمل کو مربوط کرتا ہے اور DOE کے ذریعے پری اسکول کے طلبا کے لیے خدمات کا انتظام کرتا ہے۔

**محکمئہ تعلیم:(DOE)** شہر کی ایجینسی جو سرکاری اسکولوں کے پری اسکول تا 12 کی نگرانی کرتی ہے، جس میں نیو یارک شہر کے 3-K فار آل اوع پری اسکول خاص تعلیم خدمات جیسے پروگرام شامل ہیں۔

**دماغی صحت اور حفظان صحت کا محکمئہ (DOHMH):** شہر کی ایجنسی جو نیو یارک شہر میں ابتدائی مداخلت کے شعبے کی نگرانی کرتی ہے۔

**قبل از وقت مداخلت (EI):** DOHMH پروگرام جو چھوٹے بچوں (پیدائش سے 3 سال تک) کی مدد کرتا ہے جو اپنی عمر کے دوسرے بچوں کی طرح نہ تو سیکھ رہے ہیں، نہ کھیل رہے ہیں، نہ نشو و نما پا رہے ہیں، نہ بات کر رہے ہیں یا چل رہے ہیں۔

**پری اسکول خاص تعلیم خدمات کے لیے اہلیت:** اس بات کا تعین ہے کہ نشو و نما کے سنگ میل کے مقابلے میں ایک نمایاں تاخیر ہے یا اگر بچے میں کوئی ایسی معذوری ہے جو ان کی سیکھنے کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہے۔ نیو یارک ریاست میں، 5-3 سال کی عمر کے بچے کی نشاندہی "معذوری والے پری اسکول کا طالب علم" کے بطور کی جاتی ہے اگر CPSE نشاندہی کرتی ہے کہ بچے کو کوئی معذوری ہے۔

**مفت اور مناسب عوامی تعلیم (FAPE):** خاص تعلیم کے پروگرام اور متعلقہ خدمات جن کو سرکاری اخراجات پر، عوام کی نگرانی اور ہدایات پر پیش کیا جاتا ہے، والدین کو بغیر کسی لاگت کے فراہم کیے جاتے ہیں۔

**تفاعلی طرزِ عمل تشخیص (FBA):** ایک ایسی تشخیص ہے جس کے ذریعے یہ تعین کیا جاتا ہے طالبِ علم ایسے طرزِ عمل کیوں اختیار کرتا ہے جس کی وجہ سے تعلیم میں خلل پڑا اور ماحول طالب علم کے طرزِ عمل ماحول کس طرح وابستہ ہے۔

**معذوری کے حامل افراد کی تعلیم میں بہتری کا قانون (IDEA):** ایک ایسا وفاقی قانون جو معذوری کے حامل طلبا کو 3 سال سے لے کر طالب علم کے 21 سال کا ہو جانے یا ہائی اسکول سے سندیافتہ ہو جانے تک کم سے کم پابندی کے ماحول میں FAPE موصول کرنے کا حق دیتا ہے۔

**انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP):** ایک تحریری منصوبہ جس میں بچے کی صلاحیتوں اور اہداف پر تبادلہ خیال کیا گیا ہو، اور ان خدمات کی نشاندہی کی جائے جو DOE ان کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مفت فراہم کرے گی۔

**انفرادی خاندانی خدمت منصوبہ (IFSP):** ایک تحریری منصوبہ جو خاص طور پر کسی بچے اور ان کے کنبے کے لیے تیار کیا جائے گا جو ان کو ملنے والی EI خدمات کو خاکہ کش اور وضاحت کرے گا۔

**کم سے کم پابندی کا ماحول (LRE):** جس ترتیب میں کسی بچے کو اپنے پروگراموں اور خدمات کو حاصل کرنے کی سفارش کی جائے گی، جو کہ بغیر IEPs کے بچوں کے ساتھ ایک حد تک مناسب ہے۔

**ممکنہ اہلیت کی اطلاع:** کسی بچے کی CPSE خدمات کا اہل ہونے کے 120 دن قبل بھیجا گیا فارم جو CPSE کو مطلع کرتا ہے کہ بچے کو EI چھوڑنے کے بعد بھی خصوصی خدمات کی ضرورت ہوگی۔ اگر وہ CPSE کو مطلع نہیں کرنا چاہتے تو خاندانوں کو خارج (آپٹ آؤٹ) ہونے کا حق حاصل ہے۔

**دفتر برائے نشوونما سے متعلقہ معذوریوں کے حامل افراد (OPWDD):** نیویارک کی ایک ریاستی ایجنسی جو ہر عمر کے لوگوں کو ان کی ضروریات کی بنیاد پر ذہنی اور فروغ کی معذوری کے حامل افراد کے لیے خدمات فراہم کرتی ہے۔

**حوالہ:** ایک تحریری درخواست یہ تعین کرنے کے لیے کہ آیا طالب علم کو معذوری لاحق ہے اور اس کو خاص تعلیم خدمات مطلوب ہوں گی تشخیص اور تقرری کے لیے طریقہ کار کی ابتدا کرتا ہے۔

**متعلقہ خدمات (RS):** بچے کے تعلیمی اہداف کی معاونت کرنے کے لیے جسمانی علاج، پیشہ ورانہ علاج، تقریر / زبان کے علاج اور دیگر خدمات کے لیے بچے کے IEP میں خاکہ کش کردہ خدمات۔

**خاص کلاس (SC):** ایک ایسا کلاس روم جو صرف IEPs کے حامل طلبا کو خدمات فراہم کرتا ہے جنکی ضروریات کی ایک عام تعلیم ماحول یا SCIS کلاس روم مع اضافی امدادی سازوسامان اور خدمات میں تکمیل نہیں کی جا سکتی۔

**ہم آہنگ ماحول میں خاص کلاس (SCIS):** ایک کلاس روم جس میں IEPs کے حامل اور غیرحامل طلبا دونوں کو مل کر تعلیم دی جاتی ہے۔

**خاص تعلیم کے سفری ٹیچر (SEIT):** ایک استاد جو طالب علم کے قریب رہ کر تعلیمی، جذباتی اور سماجی صلاحیتوں پر کام کرتا ہے۔ یہ خدمت چھوٹے گروپ میں یا ایک سے ایک کی بنیاد پر ایک بچے کے ابتدائی طفلی پروگرام میں، خاندان کے ذریعے نشاندہی کردہ کسی دوسرے بچوں کی نگہداشت کے مقام پر، یا کچھ صورتوں میں خاندان کے گھر پر بھی فراہم کی جاسکتی ہے۔

DOE کا رہنمائی کتابچہ برائے

**ابتدائی مداخلت**

**- سے -**

**پری اسکول میں منتقلی**

NYC Department of Education

Chancellor Richard A. Carranza